سوال

(38) مسجد عائشہ (تنعیم) سے عمرہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مکہ مکرمہ میں قیام کے دوران اگر عمرہ کرنے کا ارادہ ہو تو کیا احرام باندھنے کےلئے مسجد عائشہ جانا ہوتا ہے۔ میرے والدین اور ایک چھوٹی ہمشیرہ فوت ہوچکے ہیں۔ والدین نے اپنی زندگی میں حج کیا تھا لیکن چھوٹی ہمشیرہ اس سے محروم رہی۔ آپ سے پوچھنا تھا کہ مرحومین کو ثواب، پہنچانے کےلئے قیام مکہ کے دوران عمرہ کیا جاسکتا ہے یا اس کے مساوی کوئی اور بھی عبادت ہے جیسے ان کے نام لے کر فقط طواف کرنا جس کے ذریعہ سے مرحومین کو عمرہ کے برابر یا اس سے زیادہ ثواب پہنچایا جاسکے؟

(۲) اکثر لوگ سعودی عرب کفن کو آب زم زم سے تر کرنے کےلئے ساتھ لے جاتے ہیں۔ کیا ایسا کفن پہننے پر قبر کے عذاب سے نجات مل سکتی ہے؟ کیا اسلام میں آبِ زم زم سے کفن کو تر کرنے کی اجازت ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(عمرے کے بارے میں) راجح یہی ہے کہ میقات سے احرام باندھ کر عمرہ کیا جائے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا تنعیم سے عمرہ کرنا ایک استثنائی صورت ہے جسے عام سمجھ لینا صحیح نہیں ہے۔

سلف صالحین سے مروجہ دور کے عمروں کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ جزیرۃ العرب اور حجاز کے مستند علماء کی بھی یہی تحقیق ہے کہ تنعیم والے عمروںکا کوئی شرعی ثبوت نہیں ہے جیسا کہ شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز کی کتاب ''التحقیق والایضاح لکثیر من مسائل الحج والعمرۃ'' ص ۱۸، ۱۹ وغیرہ سے ظاہر ہے۔

تاہم عورت حیض کی وجہ سے طواف قدوم وغیرہ نہ کرسکے تو وہ بعد میں تنعیم سے طواف کر سکتی ہے جیسا کہ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا سے ظاہر ہے۔ آپ ان تنعیمی عمروں سے بچیں اور کثرت سے طواف کریں۔ ایک صحیح حدیث میں آیا ہے کہ «الطواف حول البیت مثل الصلوۃ الا انکم تتکلمون فیه، فمن تکلم فیه فلا یتکلم الا بخیر» (سنن الترمذی کتاب الحج باب ماجاء فی الکلام فی الطواف ح ۹۶۰ ج ۳ ص ۱۲۲، بتحقیقی)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیت اللہ کا طواف نماز کی طرح ہے۔ سوائے اس کے کہ تم اس میں باتیں کرتے ہو۔ پس جو بات کرے تو صرف اچھی بات ہی کرے۔ یہ روایت حسن ہے۔ اسے ابن خزیمہ (۴/۲۲۲ ح ۲۷۳۹) اور ابن حبان (الموارد: ۹۹۸) ن صحیح کہا۔

عطاء بن السائب سے اس کے راوی حماد بن سلمه (الحاکم ۲/۲۶٦) سفیان الثوری (الحاکم ۱/۴۵۹) اور سفیان بن عیینه وغیر ہم ہیں۔

اس روایت کی بہت سی سندیں ہیں۔ امام نسائی نے ایسی روایت صحیح سند کے ساتھ عن رجل ادرک النبی صلی اللہ علیه وسلم پر موقوفاً روایت کی ہے۔ (۲۲۲/۵ ح۲۹۲۵ بتحقیقی)

اور صحیح سند کے ساتھ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنه سے نقل کیا ہے کہ

''اقلوا الکلام فی الطواف و انما انتم فی الصلوة

طواف میں باتیں کم کرو کیونکہ تم نماز میں ہوتے ہو۔ (سنن النسائی ح ۲۹۲٦ بتحقیقی)

لہٰذا آپ بکثرت طواف کریں اور والدین وغیرہ کے لئے خوب دعائیں کریں۔

اگر میقات سے باہر نکل کر دوبارہ مکہ آئیں تو والدین اور ہمشیرہ کی طرف سے عمرہ کر سکتے ہیں۔ حدیث: «فحج عن ابیک واعتمر» پس اپنے باپ کی طرف سے حج اور عمرہ کرو، اس کی دلیل ہے۔ (دیکھئے سنن ابی داود: ۱۸۱۰، والترمذی: ۹۳۰، وقال: ''حسن صحیح'' وابن ماجه: ۲۹۰٦، والنسائی: ۲٦۲۲، ۲٦۳۸، وابن خزیمه: ۳۰۴۰، وابن حبان: ۹٦۱، والحاکم ۱/۴۸۱ و صححه علی شرط الشیخین ووافقه الذہبی، وقواہ احمد بن حنبل)

(۲) احرام کو زم زم کے پانی سے دھونے کے جواز کا کوئی ثبوت مجھے معلوم نہیں ہے۔ عین ممکن ہے کہ یہ عمل بدعت ہو لہٰذا اس سے مکمل طور پر بچنا چاہیئے۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج2ص169

محدث فتویٰ